کراچی (نمائندہ خصوصی،اسٹاف رپورٹر)وزیر اطلاعات ومحنت سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ ملک میں خرابیاں پیدا کرنے والے کبھی خرابیاں ٹھیک نہیں ہونے دیں گے سندھ کی حکومت ہو یا پیپلز پارٹی کی اعلیٰ قیادت سب کا ویژن ہے کہ صوبے میں صنعت کو فروغ ملے مسائل دنیا بھر میں ہوتے ہیں لیکن اس کو مل بیٹھ کر ہی حل کیا جاسکتا ہے آئینی طور پر ملک چلانے کی ذمہ داری عوام کے منتخب نمائندوں کو ہے لیکن افسوس کہ جو ملازمین کرتے ہیں وہ پہلے نمبر پر ہیں اور منتخب نمائندوں کو چوتھے نمبر پر دھکیل دیا گیا ہے۔سعید غنی کورنگی ایسوسی ایشن ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے مرکزی دفتر پہنچ گئے صوبائی وزیر نے کاٹی کے عہدیداروں کے ہمراہ پرچم کشائی کی اور قومی ترانہ پڑھا اس موقع پر ڈی سی کورنگی ایم بی دھاریجو، پولیس کے اعلیٰ افسران، کاٹی کے صدر سمیت تمام عہدیداران اور دیگر موجود تھے صوبائی وزیر سعید غنی نے کہا کہ لندن میں سابق چیف جسٹس آف پاکستان نے ایک خطاب میں کہا تھا کہ ڈیم کے لئے فنڈز جمع کرنے کے لئے ہمیں دوبارہ وتھ ہولڈنگ ٹیکس نافذ کرلینا چاہئے تاکہ اس سے سالانہ 36 ارب روپے ڈیم کے لئے مل سکیں،اب آئین وقانون کے برخلاف اس طرح کے فیصلے ہوں تو ملک کیسے ترقی کرسکتا ہے مجھ سمیت کوئی بھی شخص اس ملک کے صلے میں ملنے والی آزادی کے بعد ملنے والی ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں ناکام ہیں خرابیاں پاکستان میں نہیں بلکہ ہم میں ہیں کیونکہ ہم نے آزادی کی نعمت کو صرف اپنے ذاتی مفادات کے لئے استعمال کیا ہے۔دریں اثنا محکمہ صحت، بینک لمیٹڈ اور پی سی بی کے اشتراک سے نیشنل اسٹیڈیم کراچی کی پارکنگ ایریا میں ڈرائیو تھرو ویکسینیشن مہم کا افتتاح کرتے ہوئے وزیر صحت سندھ عذرا پیچوہو اور وزیر اطلاعات ومحنت سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ صوبہ سندھ میں کرونا ویکسینیشن کا عمل تیزی سے جاری ہے اور اس سلسلے میں سندھ حکومت این سی او سی کے اس ماہ کے آخر تک کے لئے دیئے گئے 40 فیصد کے ٹارگٹ کو نہ صرف پورا کرے گی بلکہ ہم ان شااللہ 50 فیصد ویکسینیشن کے عمل کو پورا کرلیں گے۔ اس وقت اسپتالوں میں کرونا سے متاثرہ افراد میں سے 90 فیصد وہ مریض ہیں، جنہوں نے اب تک ویکسینیشن نہیں کروائی ہے۔ یہ تاثر غلط ہے کہ کراچی کے اسپتالوں میں کرونا سے متاثرہ مریضوں کے لئے بستر اور وینٹی لیٹرز دستیاب نہیں ہیں اس وقت بھی ہمارے پاس سروسز اسپتال، عباسی شہید، سیسی کے زیر انتظام اسپتالوں سمیت دیگر میں بنائے گئے کوووڈ وارڈز میں بستر اور وینٹی لیٹرز موجود ہیں۔صوبائی وزراء نے ڈرائیو تھرو ویکسینیشن سینٹر کا افتتاح کیا اور وہاں رجسٹریشن سے لے کر ویکسینیشن کے عمل تک کے لئے کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا اور ان کی کاوشوں کو سراہا۔ بعدازاں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر عذرا پیچوہو اور وزیر اطلاعات ومحنت سندھ سعید غنی نے کہا کہ کراچی کی عوام اور بالخصوص نیشنل اسٹیڈیم اور اطراف کے علاقوں کے عوام کی سہولت کے لئے حبیب بینک اور پی سی بی کی انتظامیہ نے جو یہ ڈرائیو تھرو ویکسینیشن سینٹرز قائم کیا ہے وہ خوش آئند ہے اور امید ہے کہ اس سینٹر سے روزانہ 2500 افراد کو جو ویکسینیشن کرنے کا ٹارگٹ رکھا گیا ہے وہ اس کو پورا کریں گے۔ ڈاکٹر عذرا پیچوہو نے کہا کہ ویکسینیشن کروانے والوں کو اگر کرونا ہو بھی رہا ہے تو وہ معمولی بخار، نزلہ اور زکام کہ صورت میں ہو رہا ہے، جسے وہ گھر میں بیٹھ کر اپنے آپ کو آئسولیشن میں رکھ کر ٹھیک ہوجاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری عوام سے درخواست ہے کہ جن لوگوں نے ابھی تک ویکسینیشن نہیں کروائی تو وہ جلد از جلد کروائیں تاکہ وہ خود بھی محفوظ رہیں اور دوسروں کو بھی محفوظ رکھ سکیں۔

# PRESS RELEASE

Daily The Spokesman
15 August, 2021
RAWALPINDI/ISLAMABAD

**Independence Day ceremony held at KATI**

## Govt providing all possible facilities for promotion of industrialization: Saeed Ghani

Staff Reporter

KARACHI: Information, Labor and Sindh Manpower Minister Saeed Ghani has said that Pakistan is one of the few lucky countries in the world in terms of resources where all the blessings are available, but despite 74 years of independence, we are in debt and behind the world. He said that Sindh Chief Minister Murad Ali Shah and especially PPP under the leadership of Chairman Bilawal Bhutto Zardari has always believed in industrialization.

He expressed these views while addressing to a flag hoisting ceremony held at Korangi Association of Trade and Industry (KATI) on the occasion of 75th Independence Day. On the occasion, President of KATI Saleem-uz-Zaman, CEO KITE Zubair Chhaya, Senior Vice President Zaki Sharif, Vice President Nighat Awan, Chairman of the Event Committee Farhan-ur-Rehman, Johar Qandhari, Sheikh Umar Rehan, Deputy Commissioner Korangi Dr. MB Raja Dharijo, SSP Korangi Shahjahan Khan, SP Landhi Shahnawaz Chachar and former Police Phief Ghulam Qadir Thebos along with a large number of KATI members were also present.



@katipakistan

# PRESS RELEASE

کراچی، لاہور، راولپنڈی/اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان، فیصل آباد اور سرگودھا سے اشاعت کے لیے منظور شدہ

Roznama 92 News

روزنامہ 92 نیوز کراچی

786
92

SUNDAY, AUGUST 15, 2021

قیمت 30 روپے

| جلد 6 | اتوار، 6 محرم الحرام 1443ھ 15 اگست 2021ء | شمارہ 173 |
| --- | --- | --- |



کاٹی کے تحت جشن آزادی تقریب میں صوبائی وزیر محنت سعید غنی اور سلیم الزماں پاکستان کی 74ویں سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں

## کاٹی میں 74ویں جشن آزادی پر پرچم کشائی کی تقریب

### خرابیاں دور کئے بغیر ملک ترقی نہیں کرسکتا' صوبائی وزیر محنت سعید غنی

کراچی (کامرس رپورٹر) صوبائی وزیر اطلاعات، لیبر، افرادی قوت سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ نظام میں خرابیاں ہیں جب تک انہیں بہتر نہیں کیا جاتا ملک ترقی نہیں کریگا، ایشوز ہر جگہ ہیں لیکن ہمیں آپس میں رابطوں کو بحال رکھنا چاہیے، جس دن ہم نے اپنا منہ دوسری جانب کرلیا وہاں مسائل ہونگے، سندھ حکومت کی کوشش ہے کہ صوبے میں صنعت ترقی ہو جشن آزادی پر میں کوئی متنازعہ بات نہیں کرونگا، اچھی چیزوں کو بتانا چاہیے لیکن خامیوں کا تجزیہ بہت ضروری ہے، جس دن ملک کا شہری اپنی خامیوں کو دور کرلے تو ملک ترقی کریگا، وسائل کے اعتبار سے پاکستان دنیا کے چند خوش نصیب ممالک میں ہے جہاں تمام نعمتیں میسر ہیں، لیکن آزادی کے 74 سال گزرنے کے باوجود ہم قرضوں میں ڈوبے دنیا سے پیچھے رہ گئے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) میں 74ویں جشن آزادی کے موقع پر قومی پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر کاٹی کے صدر سلیم الزماں، کائٹ لمیٹڈ کے سی ای او زبیر چھایا، سینیٹر نائب صدر ذکی شریف، نائب صدر نگہت اعوان، ایونٹ کمیٹی کے چیئرمین فرحان الرحمان، ڈپٹی کمشنر کورنگی ایم پی اے راجہ حماد بچو نے بھی خطاب کیا۔

# PRESS RELEASE


اعلیٰ صحافتی اقدار کا علمبردار ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Daily HURRIYAT Karachi

روزنامہ حریت کراچی

جلد نمبر 60 | پیر 16 اگست 2021 بمطابق 07 محرم الحرام 1443ھ | شمارہ 202


## یوم آزادی ہمیں اپنی اصلاح کا موقع دیتا ہے، سعید غنی

### ترقی کیلئے تعلیم اور صنعتی انقلاب انتہائی اہمیت کا حامل ہے، صدر سلیم الزماں



کراچی (رپورٹ انیس امیر خان) وزیر اطلاعات، لیبر، افرادی قوت سندھ سعید غنی کا کہنا ہے کہ وسائل کے اعتبار سے پاکستان دنیا کے چند خوش نصیب ممالک میں ہے جہاں تمام نعمتیں میسر ہیں، لیکن آزادی کے 74 سال گزرنے کے باوجود ہم قرضوں میں ڈوبے دنیا سے پیچھے رہ گئے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ اور خاص طور پر چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ صنعتکاری پر یقین رکھتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) میں 74 ویں جشن آزادی کے موقع پر منعقدہ پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر کاٹی کے صدر سلیم الزماں، کائیٹ کے سی ای او زبیر چھایا، سینئر نائب صدر ذکی شریف، نائب صدر نگہت اعوان، ایونٹ کمیٹی کے چیئرمین فرحان الرحمان، جوہر قندھاری، شیخ عمر ریحان، ڈپٹی کمشنر کورنگی ایم بی رجبہ دھاریجو، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر جمیل، ایس ایس پی کورنگی شاہجہاں خان، ایس پی لانڈھی، شاہنواز چاچڑ سابق پولیس چیف غلام قادر تھیبو سمیت کاٹی ممبران کی بڑی تعداد موجود تھی۔ صوبائی وزیر سعید غنی نے کاٹی سمیت ملک وقوم کو جشن آزادی کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں منتخب نمائندوں کو وہ اختیارات نہیں ملے جو انہیں ملنے چاہیے تھے، پاکستان اس وقت مشکل صورتحال سے گزر رہا ہے، افغانستان کے باعث ملک مشکلات میں گھرا ہوا ہے۔ سعید غنی کا کہنا تھا کہ ہمیں دوسروں کے کردار سے زیادہ اپنی کارکردگی کے بارے میں سوچنا چاہیے۔ قوانین کا احترام کرکے آئین اور قانون کی پاسداری سے ہی قومیں ترقی کرتی ہیں۔ صوبائی وزیر اطلاعات نے کہا کہ بحیثیت قوم ہم اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام ہوگئے ہیں، لیکن اب بھی وقت نہیں گزرا، ہر سال یوم آزادی ہمیں موقع دیتا ہے کہ ہم اپنی اصلاح کرسکیں اور دیکھیں کہ ہم نے گزشتہ سال کیا نہیں کیا، خود اصلاحی سے ہم ترقی کر سکتے ہیں۔ سعید غنی نے مزید کہا کہ صنعتکاری کے فروغ کیلئے حکومت ہر ممکن سہولیات فراہم کر رہی ہے اور ہماری ترجیح ہے کہ صنعتیں لگیں گی تو ملک میں خوشحالی آئے گی، بے روزگاری کا خاتمہ ہوگا اور ملک ترقی کرے گا۔ اس سے قبل کاٹی کے صدر سلیم الزماں نے قوم کو جشن آزادی کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ کسی بھی ملک کی ترقی کیلئے تعلیم اور صنعتی انقلاب انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے سندھ حکومت کا شکریہ ادا کیا کہ جس نے کراچی میں صنعتی ترقی میں کاٹی سے بھرپور تعاون کیا۔ سلیم الزماں نے کہا کہ کاٹی کے سرپرست اعلیٰ ایس ایم منیر سمیت قیادت کی یہی ہدایات ہیں کہ صنعتوں کے فروغ کیلئے ہر وقت کوشاں رہیں، یہی وجہ ہے کہ کاٹی کراچی کا سب سے کامیاب صنعتی علاقہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کورونا کے دوران ہم نے کاٹی کے سینئر اور مخلص ممبران کو گنوایا، اسی لئے کاٹی کورونا سے جنگ میں حکومت سندھ کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ صدر کاٹی نے کہا کہ آج مجھے بتاتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ کاٹی نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ اور حکومت سندھ کے تعاون سے 75 ہزار سے زائد ملازمین کی ویکسی نیشن کی جا چکی ہے، اس ضمن میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر جمیل اور ڈپٹی کمشنر ایم بی دھاریجو کا بہت شکر گزار ہوں جنہوں نے ہر ممکن تعاون کیا۔ سی ای او کائیٹ لمیٹڈ زبیر چھایا نے اپنے خطاب میں کہا کہ معاشی ترقی کیلئے ملازمت، ملکی آمدنی اور زر مبادلہ پر توجہ ناگزیر ہے، کراچی میں صنعتکاری میں اضافہ ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک اور قوم کی خاطر پولیس، رینجرز، قوم اور خاص طور پر پاک فوج نے بے انتہا قربانیاں دی ہیں۔ یہ بات واضح ہے کہ بھارت ہمارا دشمن ہے اور افغانستان کی صورتحال تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ایک قوم بن کر اپنے تمام اختلافات بھلا کر آگے بڑھنا ہوگا۔ تقریب سے کاٹی کی ایونٹ کمیٹی کے چیئرمین فرحان الرحمان نے کہا کہ صوبائی وزیر سعید غنی نے ہر موقع پر تعاون کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہر سال جشن آزادی مناتے ہیں لیکن اس دن کے بعد ہم اپنی ذمہ داریوں کو بھول جاتے ہیں۔ ہمیں اپنی ذمہ داریوں کا ادراک کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایم منیر کی قیادت میں تمام ممبران ملکی ترقی کیلئے متحد ہیں۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر کورنگی ایم بی رجبہ دھاریجو اور ذکی شریف نے بھی خطاب کیا۔

# PRESS RELEASE


کراچی، حب، حیدرآباد، سکھر سے بیک وقت شائع ہونے والا اخبار

ABC CERTIFIED

http://www.juraat.com

رجسٹرڈ نمبر SS-1206 پی او باکس نمبر 1483

Daily JURA'AT Karachi

روزنامہ جرأت کراچی

قیمت 15 روپے

چیف ایڈیٹر: محمد طاہر فون نمبرز: 021-32628111-3

جلد 26 | اتوار / 06 / محرم الحرام 1443ھ / 15 / اگست 2021 | شمارہ نمبر 120




وزیر اطلاعات، لیبر، افرادی قوت سندھ سعید غنی کاٹی میں 74 ویں جشن آزادی کے موقع پر منعقدہ تقریب میں کیک کاٹ رہے ہیں

## صنعت کے فروغ میں حکومت تعاون کررہی ہے، سعید غنی

### جشن آزادی کے موقع پر صوبائی وزیر محنت کا کاٹی میں پرچم کشائی سے خطاب

کراچی (کامرس رپورٹر) صوبائی وزیر اطلاعات، لیبر، افرادی قوت سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ صنعتکاری کے فروغ کیلئے حکومت ہر ممکن سہولیات فراہم کررہی ہے اور ہماری ترجیح ہے کہ صنعتیں لگیں گی تو ملک میں خوشحالی آئے گی، بے روزگاری کا خاتمہ ہوگا اور ملک ترقی کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ وسائل کے اعتبار سے پاکستان دنیا کے چند خوش نصیب ممالک میں ہے جہاں تمام نعمتیں میسر ہیں، لیکن آزادی کے 74 سال گزرنے کے باوجود ہم قرضوں میں ڈوبے دنیا سے پیچھے رہ گئے۔ یہ بات انہوں نے کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری میں 74 ویں جشن آزادی کے موقع پر منعقدہ پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا۔ اس موقع پر کاٹی کے صدر سلیم الزماں سمیت کاٹی ممبران کی بڑی تعداد موجود تھی۔ سعید غنی نے کہا کہ پاکستان میں منتخب نمائندوں کو وہ اختیارات نہیں ملے جو انہیں ملنے چاہیے تھے۔

# PRESS RELEASE

خلق خدا کی حفاظت بذریعہ صحافت
DAILY HIFAZAT KARACHI
REG-3154
روزنامہ حفاظت کراچی
جلد نمبر 10 | پیر 16 اگست 2021 بمطابق 07 محرم الحرام 1443ھ | شمارہ 202

## یوم آزادی ہمیں اپنی اصلاح کا موقع دیتا ہے، سعید غنی

### ترقی کیلئے تعلیم اور صنعتی انقلاب انتہائی اہمیت کا حامل ہے، صدر سلیم الزماں



کراچی (رپورٹ انیس امیر خان) وزیر اطلاعات، لیبر، افرادی قوت سندھ سعید غنی کا کہنا ہے کہ وسائل کے اعتبار سے پاکستان دنیا کے چند خوش نصیب ممالک میں ہے جہاں تمام نعمتیں میسر ہیں، لیکن آزادی کے 74 سال گزرنے کے باوجود ہم قرضوں میں ڈوبے دنیا سے پیچھے رہ گئے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ اور خاص طور پر چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ صنعتکاری پر یقین رکھتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) میں 74 ویں جشن آزادی کے موقع پر منعقدہ پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر کاٹی کے صدر سلیم الزماں، کائٹ کے سی ای او زبیر چھایا، سینئر نائب صدر ذکی شریف، نائب صدر نگہت اعوان، ایونٹ کمیٹی کے چیئرمین فرحان الرحمان، جوہر قندھاری، شیخ عمر ریحان، ڈپٹی کمشنر کورنگی ایم بی راجہ دھاریجو، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر جمیل، ایس ایس پی کورنگی شاہجہاں خان، ایس پی لانڈھی، شاہنواز چانڈیو، سابق پولیس چیف غلام قادر تھیبو سمیت کاٹی ممبران کی بڑی تعداد موجود تھی۔ صوبائی وزیر سعید غنی نے کاٹی سمیت ملک و قوم کو جشن آزادی کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں منتخب نمائندوں کو وہ اختیارات نہیں ملے جو انہیں ملنے چاہیے تھے، پاکستان اس وقت مشکل صورتحال سے گزر رہا ہے، افغانستان کے باعث ملک مشکلات میں گھرا ہوا ہے۔ سعید غنی کا کہنا تھا کہ ہمیں دوسروں کے کردار سے زیادہ اپنی کارکردگی کے بارے میں سوچنا چاہیے۔ قوانین کا احترام کرکے آئین اور قانون کی پاسداری سے ہی قومیں ترقی کرتی ہیں۔ صوبائی وزیر اطلاعات نے کہا کہ بحیثیت قوم ہم اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام ہوگئے ہیں، لیکن اب بھی وقت نہیں گزرا، ہر سال یوم آزادی ہمیں موقع دیتا ہے کہ ہم اپنی اصلاح کرسکیں اور دیکھیں کہ ہم نے گزشتہ سال کیا نہیں کیا، خود اصلاحی سے ہم ترقی کرسکتے ہیں۔ سعید غنی نے مزید کہا کہ صنعتکاری کے فروغ کیلئے حکومت ہر ممکن سہولیات فراہم کررہی ہے اور ہماری ترجیح ہے کہ صنعتیں لگیں گی تو ملک میں خوشحالی آئے گی، بے روزگاری کا خاتمہ ہوگا اور ملک ترقی کرے گا۔ اس سے قبل کاٹی کے صدر سلیم الزماں نے قوم کو جشن آزادی کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ کسی بھی ملک کی ترقی کیلئے تعلیم اور صنعتی انقلاب انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے سندھ حکومت کا شکریہ ادا کیا کہ جس نے کراچی میں صنعتی ترقی میں کاٹی سے بھرپور تعاون کیا۔ سلیم الزماں نے کہا کہ کاٹی کے سرپرست اعلیٰ ایس ایم منیر سمیت قیادت کی یہی ہدایات ہیں کہ صنعتوں کے فروغ کیلئے ہر وقت کوشاں رہیں، یہی وجہ ہے کہ کاٹی کراچی کا سب سے کامیاب صنعتی علاقہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کورونا کے دوران ہم نے کاٹی کے سینئر اور مخلص ممبران کو گنوایا، اسی لئے کاٹی کورونا سے جنگ میں حکومت سندھ کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ صدر کاٹی نے کہا کہ آج مجھے بتاتے ہوئے خوشی محسوس ہورہی ہے کہ کاٹی نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ اور حکومت سندھ کے تعاون سے 75 ہزار سے زائد ملازمین کی ویکسی نیشن کی جاچکی ہے، اس ضمن میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر جمیل اور ڈپٹی کمشنر ایم بی دھاریجو کا بہت شکرگزار ہوں جنہوں نے ہر ممکن تعاون کیا۔ سی ای او کائٹ لمیٹڈ زبیر چھایا نے اپنے خطاب میں کہا کہ معاشی ترقی کیلئے ملازمت، ملکی آمدنی اور زرمبادلہ پر توجہ ناگزیر ہے، کراچی میں صنعتکاری میں اضافہ ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک اور قوم کی خاطر پولیس، رینجرز، قوم اور خاص طور پر پاک فوج نے بے انتہا قربانیاں دی ہیں۔ یہ بات واضح ہے کہ بھارت ہمارا دشمن ہے اور افغانستان کی صورتحال تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ایک قوم بن کر اپنے تمام اختلافات بھلا کر آگے بڑھنا ہوگا۔ تقریب سے کاٹی کی ایونٹ کمیٹی کے چیئرمین فرحان الرحمان نے کہا کہ صوبائی وزیر سعید غنی نے ہر موقع پر تعاون کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہر سال جشن آزادی مناتے ہیں لیکن اس دن کے بعد ہم اپنی ذمہ داریوں کو بھول جاتے ہیں۔ ہمیں اپنی ذمہ داریوں کا ادراک کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایم منیر کی قیادت میں تمام ممبران ملکی ترقی کیلئے متحد ہیں۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر کورنگی ایم بی راجہ دھاریجو اور ذکی شریف نے بھی خطاب کیا۔

# PRESS RELEASE

BUSINESS RECORDER
Founded by M. A. Zuberi

BR - EPAPER AUG 15, 2021 NATIONAL AND INTERNATIONAL NEWS PAGE 9

## PPP believes in industrialization: Saeed Ghani

Aug 15, 2021

RECORDER REPORT

KARACHI: Sindh Information, Labor and Manpower Minister Saeed Ghani has said that Pakistan is one of the few lucky countries in the world in terms of resources where all the blessings are available, but despite 74 years of independence, we are in debt and behind the world.

He said that Sindh Chief Minister Murad Ali Shah and especially PPP under the leadership of Chairman Bilawal Bhutto-Zardari have always believed in industrialization.

He expressed these views while addressing a flag-hoisting ceremony held at the Korangi Association of Trade and Industry (KATI) on the occasion of the 74th Independence Day.

Ghani while congratulating the country and the nation on the Independence Day said that the elected representatives in Pakistan did not get the powers they should have got. Pakistan is going through a tough time.

Saeed Ghani said that we should think more about our performance than the role of others. Nations develop only by respecting and abiding the law and constitution.

The provincial information minister said that as a nation we have failed to fulfill our responsibilities, but time has not passed yet, every year Independence Day gives us a chance to reform ourselves and see what we did not do last year.

With self-improvement we can make progress. Saeed Ghani further said that the government is providing all possible facilities for the promotion of industrialization and our priority is that if industries are set up then prosperity will come to the country, unemployment will be eliminated resulting in a developed and wealthy country.

KATI president Saleem-uz-Zaman while congratulating the nation on Independence Day said that education and industrial revolution are of utmost importance for the development of any country.

He thanked the Sindh government for its full support for the industrial development of Karachi.

Saleem-uz-Zaman said that these are the directives of the leadership including SM Muneer, the patron-in-chief of KATI, to always strive for the development of industries, which is why KATI is the most successful industrial area of Karachi. He said that COVID-19 took our senior and valuable members apart from us, which is why KATI in collaboration with Sindh government is fighting war against COVID-19.

KITE Ltd CEO Zubair Chhaya said in his address that focus on employment, national income and foreign exchange was essential for economic growth, adding that industrialization in Karachi was essential.

He said that the police, Rangers, citizens and especially the Pakistan Army have made immense sacrifices for the sake of the country and the nation. It is clear that India is our enemy and the situation in Afghanistan is worrisome.

"We must move forward as a nation, forgetting all our differences," he said.

Farhan-ur-Rehman, Chairman, KATI Event Committee, said that Provincial Minister Saeed Ghani cooperated at every opportunity.

# PRESS RELEASE

کراچی، اسلام آباد، لاہور، ملتان، رحیم یار خان، پشاور، مظفرآباد، فرینکفرٹ، لندن، گلگت بلتستان سے بیک وقت شائع ہونے والا سپیلا اردو اخبار

E-mail:ausafkhi@gmail.com اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار http://www.dailyausaf.com

روزنامہ اوصاف کراچی

DAILY AUSAF KARACHI

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان ایڈیٹر: محسن بلال خان

SUNDAY, AUGUST 15, 2021

Registered ID 174

جلد: 7 اتوار، 6 محرم الحرام 1443ھ، 15 اگست 2021، صفحات 26، قیمت 25 روپے شمارہ: 22

# پیپلز پارٹی کی صنعتکاری پر توجہ ہے، سندھ حکومت ہر ممکن سہولتیں دے گی، سعید غنی

## پاکستان میں تمام نعمتیں میسر لیکن آزادی کے 74 سال گزرنے کے باوجود قرضوں میں ڈوبے ہیں، قانون کی پاسداری کرنا ہوگی

## افغانستان کے باعث مشکل میں گھرے ہیں، منتخب نمائندوں کو وہ اختیارات نہیں ملے جو ملنا چاہئیں تھے، وزیر اطلاعات سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اطلاعات، لیبر، افرادی قوت سندھ سعید غنی کا کہنا ہے کہ وسائل کے اعتبار سے پاکستان دنیا کے چند خوش نصیب ممالک میں ہے جہاں تمام نعمتیں میسر ہیں لیکن آزادی کے 74 سال گزرنے کے باوجود ہم قرضوں میں ڈوبے دنیا سے پیچھے رہ گئے۔ ان خیالات کا اظہار کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری میں 74 ویں جشن آزادی کے موقع پر منعقدہ پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سعید غنی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی صنعتکاری پر یقین رکھتی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 25)

بقیہ 25

### سعید غنی

ہے اور سندھ حکومت ہر ممکن سہولیات فراہم کر رہی ہے، صنعتیں لگیں گی تو بے روزگاری کا خاتمہ ہوگا اور ملک ترقی کرے گا۔ اس موقع پر کاٹی کے صدر سلیم الزماں، کائیٹ کے سی ای او زبیر چھایا سمیت کاٹی ممبران کی بڑی تعداد موجود تھی۔ صوبائی وزیر سعید غنی نے کاٹی سمیت ملک و قوم کو جشن آزادی کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں منتخب نمائندوں کو وہ اختیارات نہیں ملے جو انہیں ملنے چاہیے تھے، پاکستان اس وقت مشکل صورتحال سے گزر رہا ہے، افغانستان کے باعث ملک مشکلات میں گھرا ہوا ہے۔ سعید غنی کا کہنا تھا کہ ہمیں دوسروں کے کردار سے زیادہ اپنی کارکردگی کے بارے میں سوچنا چاہیے۔ قوانین کا احترام کرکے آئین اور قانون کی پاسداری سے ہی قومیں ترقی کرتی ہیں۔ صوبائی وزیر اطلاعات نے کہا کہ بحیثیت قوم ہم اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام ہوگئے ہیں لیکن اب بھی وقت نہیں گزرا، ہر سال یوم آزادی ہمیں موقع دیتا ہے کہ ہم اپنی اصلاح کرسکیں۔

# PRESS RELEASE


مسلسل اشاعت کے 81 سال
nawaiwaqt.com.pk
editor@nawaiwaqt.com.pk
@nawaiwaqt_ fb.com/nawaiwaqt

DAILY
NAWA-I-WAQT
KARACHI

روزنامہ نوائے وقت کراچی
بانی حمید نظامی مرحوم
معمار مجید نظامی مرحوم
ایڈیٹر رمیزہ مجید نظامی

لاہور/کراچی/راولپنڈی/اسلام آباد/ملتان/کوئٹہ اور گوادر سے بیک وقت شائع ہوتا ہے

SUNDAY 15 AUGUST 20

| جلد | اتوار 6 محرم الحرام 1443ھ 15 اگست 2021ء 32 ساون 2078ب | صفحات | رجسٹرڈ ایس ایس نمبر | شمارہ |
|---|---|---|---|---|
| 41 | UAN 111-222-007 قیمت 30 روپے | 26 | MC-24 | 303 |




وزیر اطلاعات سندھ سعید غنی کاٹی میں جشن آزادی کے موقع پر کیک کاٹ رہے ہیں، صدر سلیم الزماں زبیر چھایا، فرحان الرحمان، ذکی شریف، نگہت اعوان، جوہر قندھاری، شیخ عمر ریحان، و دیگر بھی موجود ہیں۔

## یوم آزادی ہمیں اپنی اصلاح کا موقع دیتا ہے، سعید غنی

### ترقی کیلئے تعلیم اور صنعتی انقلاب انتہائی اہمیت کا حامل ہے، صدر سلیم الزماں

کراچی (کامرس رپورٹر) وزیر اطلاعات، لیبر و افرادی قوت سندھ سعید غنی کا کہنا ہے کہ وسائل کے اعتبار سے پاکستان دنیا کے چند خوش نصیب ممالک میں ہے جہاں تمام نعمتیں میسر ہیں، لیکن آزادی کے 74 سال گزرنے کے باوجود ہم قرضوں میں ڈوبے دنیا سے پیچھے رہ گئے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ اور خاص طور پر چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ صنعتکاری پر یقین رکھتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) میں 74 ویں جشن آزادی کے موقع پر منعقدہ پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع (باقی صفحہ 10 پر)

**بقیہ** | **سعید غنی کاٹی**

پر کاٹی کے صدر سلیم الزماں، کائٹ کے سی ای او زبیر چھایا، سینیٹر نائب صدر ذکی شریف، نائب صدر نگہت اعوان، ایڈہاک کمیٹی کے چیئرمین فرحان الرحمان، جوہر قندھاری، شیخ عمر ریحان، ڈپٹی کمشنر کورنگی ایم پی راجہ دھاریجو، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر جمیل، ایس ایس پی کورنگی شاہجہاں خان، ایس پی لانڈھی، شاہنواز چانڈیو، سابق پولیس چیف غلام قادر تھیبو سمیت کاٹی ممبران کی بڑی تعداد موجود تھی۔ صوبائی وزیر سعید غنی نے کاٹی سمیت ملک و قوم کو جشن آزادی کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں منتخب نمائندوں کو وہ اختیارات نہیں ملے جو انہیں ملنے چاہیے تھے۔ پاکستان اس وقت مشکل صورتحال سے گزر رہا ہے۔ افغانستان کے باعث ملک مشکلات میں گھر رہا ہے۔

# PRESS RELEASE

www.express.com.pk

DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس کراچی

SC(MC)989

SUNDAY, AUGUST 15, 2021

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 339 | اتوار 6 محرم الحرام 1443ھ 15 اگست 2021ء صفحات 14 قیمت 30 روپے

## افغانستان کی صورتحال پر کوئی پلان نظر نہیں آرہا، سعید غنی

### پیپلز پارٹی کی قیادت کا وژن ہے کہ صنعت کو فروغ ملے، کاٹی میں پرچم کشائی تقریب سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے وزیر اطلاعات سعید غنی نے کہا ہے کہ ملک میں خرابیاں پیدا کرنیوالے کبھی خرابیاں ٹھیک نہیں ہونے دیں گے۔ خرابیاں پاکستان میں نہیں بلکہ ہم میں ہے کیونکہ ہم نے آزادی کی نعمت کو صرف ذاتی مفادات کے لیے استعمال کیا ہے۔ یہ بات انھوں نے ہفتے کو رنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری میں یوم آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کے دوران کہی۔ انھوں نے کہا کہ افغانستان کے داخلی حالات سے پاکستان متاثر ہو سکتا ہے۔ افغانستان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کے تناظر میں ہم کیا کریں گے اس بارے میں کوئی پلان نظر نہیں آرہا۔ انھوں نے کہا کہ سندھ کی حکومت ہو یا پیپلز پارٹی کی اعلی قیادت سب کا وژن ہے کہ صوبے میں صنعت کو فروغ ملے۔ جب آجر مطمئن ہو گا تو صنعتیں چلیں گی اور روزگار کے مواقع میسر آئیں گے۔ انھوں نے کہا کہ مسائل دنیا بھر میں ہوتے ہیں لیکن اس کو مل بیٹھ کر ہی حل کیا جا سکتا ہے۔ آئینی طور پر ملک چلانے کی ذمے داری عوام کے منتخب نمائندوں کی ہے لیکن افسوس کہ جو ملازمین کرتے ہیں وہ پہلے نمبر پر ہیں اور منتخب نمائندوں کو چوتھے نمبر پر دھکیل دیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ لندن میں ایک سابق چیف جسٹس آف پاکستان نے ایک خطاب میں کہا تھا کہ ڈیم کے لیے فنڈز جمع کرنے کے لیے ہمیں دوبارہ ود ہولڈنگ ٹیکس نافذ کر لینا چاہیے تاکہ اس سے سالانہ 36 ارب روپے ڈیم کے لیے مل سکیں، اب آئین و قانون کے برخلاف اس طرح کے فیصلے ہوں تو ملک کیسے ترقی کر سکتا ہے۔ مجھ سمیت کوئی بھی شخص اس ملک کے صلے میں ملنے والی آزادی کے بعد ملنے والی ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں ناکام ہیں۔ تقریب سے کاٹی کے صدر سلیم الزماں اور زبیر چھایا نے بھی خطاب کیا۔

PRESS RELEASE

Daily Nai Baat
روزنامہ نئی بات کراچی
www.naibaat.pk e-mail: karachi@naibaat.com

# نظام میں خرابیاں دور ہونے تک ملک ترقی نہیں کریگا، سعید غنی

## ایشوز ہر جگہ، رابطوں کو بحال رکھنا چاہئے، کوشش ہے صوبے میں صنعتی ترقی ہو

### آزادی کے 74 سال گزرنے کے باوجود قرضوں میں ڈوبے دنیا سے پیچھے رہ گئے، وزیر اطلاعات

کراچی (کامرس رپورٹر) وزیر اطلاعات، لیبر، افرادی قوت سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ نظام میں خرابیاں ہیں جب تک انہیں بہتر نہیں کیا جاتا ملک ترقی نہیں کریگا، ایشوز ہر جگہ ہیں لیکن ہمیں آپس میں رابطوں کو بحال رکھنا چاہئے، جس دن ہم نے اپنا منہ دوسری جانب کرلیا وہاں مسائل ہونگے، سندھ حکومت کی کوشش ہے کہ صوبے میں صنعتی ترقی ہو، جشن آزادی پر میں کوئی متنازع بات نہیں کرونگا۔ اچھی چیزوں کو بتانا چاہئے لیکن خامیوں کا تجزیہ بہت ضروری ہے، جس دن ملک کا شہری اپنی خامیوں کو دور کرلے تو ملک ترقی کریگا، وسائل کے اعتبار سے پاکستان دنیا کے چند خوش نصیب ممالک میں ہے جہاں تمام نعمتیں میسر ہیں، لیکن آزادی کے 74 سال گزرنے کے باوجود ہم قرضوں میں ڈوبے دنیا سے پیچھے رہ گئے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) میں 74 ویں جشن آزادی کے موقع پر قومی پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر کاٹی کے صدر سلیم الزماں، کائیٹ لمیٹڈ کے سی ای او زبیر چھایا، سینئر نائب صدر ذکی شریف، نائب صدر نگہت اعوان، ایونٹ کمیٹی کے چیئرمین فرحان الرحمان، ڈپٹی کمشنر کورنگی ایم بی راجہ دھاریجو نے بھی خطاب کیا جبکہ شیخ عمر ریحان، جوہر قندھاری، ناہید مسعود، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر جمیل، ایس ایس پی کورنگی شاہجہاں خان، ایس پی لانڈھی، شاہنواز چاچڑ، سابق پولیس چیف غلام قادر تھیبو سمیت کاٹی ممبران بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر سعید غنی نے کاٹی سمیت ملک وقوم کو جشن آزادی کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ اور خاص طور پر چیئرمین پی پی بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ صنعتکاری پر یقین رکھتی ہے، پاکستان میں منتخب نمائندوں کو وہ اختیارات نہیں ملے جو انہیں ملنے چاہئے تھے، پاکستان اس وقت مشکل صورتحال سے گزر رہا ہے، افغانستان کے باعث ملک مشکلات میں گھرا ہوا ہے،



کراچی: وزیر اطلاعات سندھ سعید غنی جشن آزادی کا کیک کاٹ رہے ہیں

@katipakistan

# PRESS RELEASE

www.dailybeopaar.com مسلسل اشاعت کا 32 واں سال dailybeoparisb@gmail.com

MEMBER APNS LEADING BUSINESS URDU DAILY ABC CERTIFIED

Daily BEOPAR Karachi

روزنامہ بیوپار کراچی

بانی یونس ریاض

ایڈیٹر: علی بن یونس

قیمت 10 روپے

SUNDAY 15th AUGUST 2021

جلد نمبر 32 | اتوار 6 محرم الحرام 1443ھ 15 اگست 2021ء | شمارہ نمبر 222

# صنعتکاروں کے مسائل مل بیٹھ کر حل کرنا چاہتے ہیں

سعید غنی

ہر جشن آزادی پر ہمیں اپنی کارکردگی کا جائزہ بھی ضرور لینا چاہیے، کاٹی میں خطاب، آزادی کے ساتھ ساتھ ذمہ داری بھی ہونی چاہیے، ڈی سی کورنگی

کاٹی اب تک 75 ہزار سے زائد لوگوں کی ویکسی نیشن کرا چکا ہے، سلیم الزماں، ہم جو کچھ بھی ہیں پاکستان کی وجہ سے ہیں، زبیر چھایا

کراچی (نمائندہ بیوپار) وزیر اطلاعات سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ صنعتکاروں کے مسائل مل بیٹھ کر حل کرنا چاہتے ہیں، مسائل ہر جگہ میں ہوتے ہیں لیکن آپس میں رو ابط ہوں تو بڑے سے بڑا مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔ جشن آزادی ہم ہر سال مناتے ہیں جس میں کوئی قباحت نہیں تاہم ہر جشن آزادی پر ہمیں اپنی کارکردگی کا جائزہ بھی ضرور لینا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)



وزیر اطلاعات، لیبر و افرادی قوت سندھ سعید غنی کاٹی میں 74 ویں جشن آزادی کے موقع پر منعقدہ تقریب میں کیک کاٹ رہے ہیں، صدر سلیم الزماں، زبیر چھایا، فرحان الرحمٰن، ڈاکٹر شریف، نگہت اعوان، جوہر قندھاری، شیخ عمر ریحان، سید طارق حسین و دیگر بھی موجود ہیں۔

انہوں نے کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری میں جشن آزادی کے موقع پر ہونے والی ایک پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں کاٹی کے ممبران، ڈپٹی کمشنر کورنگی ایم ڈی دھاریجو اور پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا سے وابستہ صحافیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ وزیر اطلاعات، محنت اور انسانی وسائل سعید غنی نے مزید کہا کہ خرابی کی اصل جڑ یہ ہے کہ ہر شخص یا ادارہ اپنا کام نہیں کرتا بلکہ وہ دوسروں کے کام میں مداخلت کرتا ہے۔ ہمیں انفرادی حیثیت میں بھی اپنے اندر کی خامیوں کو ٹھیک کرنے پر توجہ دینی چاہیے اور اجتماعی طور پر بھی ایسا ہی کرنا چاہیے، اگر ایسا ہونے لگے تو یقیناً یہ ملک خوشحال ہو سکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک کے منتخب نمائندے جو آئین بناتے ہیں اس کے پیچھے کوئی وژن ہوتا ہے اس لیے ضروری ہے کہ آئین اور قانون کے مطابق کام کیا جائے جبکہ آزاد ملک میں آزادی اظہار رائے کا ہونا بہت ضروری ہے۔ اگر بولنے اور سوچنے کی آزادی نہیں ہے تو ہم آزاد نہیں کہلا سکتے۔ سعید غنی نے کہا کہ پاکستان قدرتی وسائل سے مالا مال ملک ہے لیکن ہم نے اپنے وسائل کو استعمال نہیں کیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ آج وہ ملک بھی ہم سے آگے نکل گئے جن کے پاس نہ تو سمندر ہے اور نہ ہی معدنیات۔ انہوں نے افغانستان کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا اور کہا کہ اس سے پاکستان کو شدید خطرہ ہے۔ ڈی سی کورنگی ایم ڈی دھاریجو نے کہا کہ آزادی کے ساتھ ذمہ داری کا ہونا بہت ضروری ہے، ہر شخص کو سوچنا چاہیے کہ وہ پاکستان کیلئے کیا کر سکتا ہے۔ بحیثیت ڈپٹی کمشنر کورنگی صنعتکاروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی کوشش کروں گا۔ صدر کاٹی سلیم الزماں نے کہا کہ تعلیم اور صنعتکاری کا فروغ ضروری ہے۔ ہم نے ڈی سی کورنگی کے تعاون سے ویکسی نیشن کا عمل شروع کیا اور اب تک 75 ہزار سے زائد لوگوں کی ویکسی نیشن کرا چکے ہیں، کاٹی ویکسی نیشن سینٹرز بنانے والی پہلی ٹریڈ باڈی تھی جبکہ ہم نے کورونا ایس او پیز کے حوالے سے بھی لوگوں میں آگاہی پیدا کی۔ صدر کاٹی نے مزید کہا کہ سندھ اور وفاق کے اختلافات سے کراچی کو بہت نقصان ہوتا ہے، امید ہے کہ ہمارے سیاستدان ذاتی مفادات پر قومی مفاد کو ترجیح دیں گے۔ سی ای او فائیو اسٹار زبیر چھایا نے کہا کہ ہم جو کچھ بھی ہیں پاکستان کی وجہ سے ہیں اور ہمارے دشمن بھارت نے ہمیں بہت نقصان پہنچانے کی کوشش کی لیکن افواج پاکستان، ہماری حکومت اور عوام نے ہر سازش کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ فرحان الرحمٰن نے کہا کہ ہر جشن آزادی پر ہم تقاریر کرتے ہیں لیکن اب تقریروں سے آگے نکل کر عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔ ڈاکٹر شریف نے کہا کہ پاکستان اسلام کے نام پر بنا ہے اور ہمیں اللہ تعالیٰ سے اپنا عہد نبھانا چاہیے۔ بعد ازاں قومی پرچم کا کیک کاٹا گیا اور تقریب کا اختتام ہوا۔

# PRESS RELEASE


قلم کار سپاہی ہیں پاکستان کے لیئے لڑتے ہیں

راجہ عبدالخالق
چیف ایگزیکٹو

ایگزیکٹو ایڈیٹر
ڈاکٹر طاہر حسین شاہ

روزانہ اپ ڈیٹ

ای این آئی نیوز پاکستان

Exclusive News International

کراچی
لاڑکانہ
حیدرآباد
سرگودھا
لاہور

ایڈیٹر انور علی بلوچ

eninewsagency@gmail.com

| شمارہ نمبر 188 | جمعرات 12 اگست 2021، بمطابق 3 محرم الحرام 1443ھ | جلد نمبر 2 |
|---|---|---|


Pakistan (regd) Journalist Association

## شکایات کے ازالے کیلئے کوششیں جاری ہیں، وفاقی انشورنس محتسب

### پریمیم کی مد میں سالانہ 378 ارب جمع ہوتے ہیں، 1 فیصد کلیم ادا کیا جاتا ہے، ڈاکٹر خاور جمیل



کراچی (مظفر عالم ملک) پاکستان میں مجموعی طور پر 378 ارب روپے کا سالانہ پریمیم جمع ہوتا ہے، یہ مجموعی ملکی پیداوار (جی ڈی پی) کا صرف 0.08 فیصد ہے جو خطے میں سب سے کم ہے، چین میں یہ شرح 2 فیصد سے زیادہ ہے، پڑوسی ملک بھارت میں 0.78 فیصد ہے، ہمارا آئندہ ہدف اس شرح کو بڑھا کر 1.5 فیصد تک پہنچانا ہے۔ ان خیالات کا اظہار وفاقی انشورنس محتسب ڈاکٹر خاور جمیل نے کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) میں خطاب کے دوران کیا۔ ان کے ہمراہ وفاقی انشورنس محتسب کے ڈائریکٹر جنرل مبشر نعیم صدیقی، کاٹی کے صدر سلیم الزماں، کائیٹ کے سی ای او زبیر چھایا، سینئر نائب صدر ذکی شریف، نائب صدر نگہت اعوان، کاٹی کی کمیٹی برائے انشورنس کے چیئرمین سید طارق حسین، راشد صدیقی، شیخ مظفر عالم اور رونق حیات بھی موجود تھے۔ وفاقی انشورنس محتسب ڈاکٹر خاور جمیل کا کہنا تھا کہ انشورنس کی شکایات کے ازالے کیلئے کوششیں جاری ہیں، انشورنس ایجنٹس کی جانب سے لوگوں کو گمراہ کرنے اور معاہدے سے متعلق شکایات بڑی تعداد میں موصول ہوتی ہیں۔ اس سلسلے میں ایس ای سی پی اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے تعاون سے معاہدے میں تبدیلیاں کی ہیں، متعدد صفحات پر مشتمل معاہدے کو مختصر کر کے 10 اہم نکات کو واضح طور پر بمعہ اردو ترجمہ صارف کو فراہم کیا جاتا ہے۔ بینک اپنے کسٹمر کے اکاؤنٹ سے براہ راست انشورنس کی رقم کاٹ نہیں سکتے، اس کیلئے پہلے اکاؤنٹ ہولڈر کی تصدیق لازمی قرار دی گئی ہے، باضابطہ دو مرتبہ تصدیق کے بعد ہی انشورنس کمپنی کو رقم منتقل کی جاتی ہے۔ وفاقی انشورنس محتسب نے مزید کہا کہ پاکستان میں مجموعی طور پر 378 ارب روپے کا سالانہ پریمیم جمع کیا جاتا ہے جس میں کلیم کی مد میں انشورنس کمپنیاں 1 فیصد ہی ادا کرتی ہیں۔ اس سلسلے میں انشورنس کمپنیوں سے بھی مشاورت کی گئی ہے کہ وہ اس نظام کو بہتر بنائیں۔ ڈاکٹر خاور جمیل کا کہنا تھا کہ صارفین کی شکایات کو 60 دن کے مختصر وقت میں نمٹایا جاتا ہے، جبکہ کچھ معاملات میں ہمارے فیصلے کورٹ میں چیلنج ہو جاتے ہیں، تاہم گزشتہ چند سالوں سے عدالتوں میں کسی فیصلے کو چیلنج نہیں کیا گیا جو اس بات کا مظہر ہے کہ فیصلے میرٹ کی بنیاد پر کئے جا رہے ہیں، ماضی میں انشورنس محتسب کی جانب سے 41 کروڑ روپے تک کے تصفیہ کرائے گئے، تاہم گزشتہ سال 2 ارب روپے سے زائد کے تصفیہ ہوئے۔ ڈاکٹر خاور جمیل نے کہا کہ کاٹی کا اس سلسلے میں تعاون درکار ہے، صارفین میں انشورنس محتسب کی آگاہی کیلئے کاٹی اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ اس سے قبل کاٹی کے صدر سلیم الزماں نے وفاقی انشورنس محتسب ڈاکٹر خاور جمیل کو دورے پر خوش آمدید کہا، ان کا کہنا تھا کہ انشورنس محتسب کی جانب سے فراہم کی جانے والی سہولیات سے متعلق آگاہی نہ ہونے کے برابر ہے، کاٹی کے ممبران کی آگاہی کیلئے مشترکہ طور پر کام کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، معاشی ترقی میں کاٹی کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے، کاٹی نے گزشتہ سال لاک ڈاؤن میں انڈسٹری کی بقا کیلئے اہم اقدامات کئے اور کاروبار زندگی جاری رکھا۔ صدر کاٹی نے کہا کہ کورونا کی ویکسی نیشن کے آغاز پر کاٹی نے حکومت سندھ کے اشتراک سے ویکسی نیشن لگانے کا سلسلہ شروع کیا اور اب تک 70 ہزار سے زائد ملازمین اور مزدوروں کو ویکسین لگائی جا چکی ہے۔ کاٹی صنعتوں کے دروازے پر ویکسین کی سہولت فراہم کرنے کیلئے اقدامات کر رہا ہے۔ اس موقع پر کائیٹ کے سی ای او زبیر چھایا نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انشورنس کے معاملات میں بہت ابہام پائے جاتے ہیں، عام لوگوں کو انشورنس سے متعلق آگاہی نہیں ہے، انشورنس کمپنیوں کی جانب سے فارم پر درج نکات اس طرح پرنٹ کئے جاتے ہیں کہ وہ پڑھے نہیں جا سکتے۔ انہوں نے کہا کہ انشورنس محتسب کاٹی کو اپنے اقدامات پر وقتاً فوقتاً آگاہ کرتا رہے تاکہ کاٹی وہ معلومات اپنے ممبران تک منتقل کر کے ان کی مدد کر سکے۔ تقریب سے کاٹی کی کمیٹی برائے انشورنس کے چیئرمین سید طارق حسین نے کہا کہ یہ بات بہت خوش آئند ہے کہ انشورنس محتسب کے پاس شکایات کا ازالہ 60 دن میں کر دیا جاتا ہے، لیکن یہ آگاہی لوگوں کو نہیں، نہ لوگ اس بات سے واقف ہیں کہ انشورنس محتسب کے پاس شکایت کیلئے کسی وکیل کی نہیں بلکہ سادے کاغذ پر بغیر کسی فیس کے درخواست جمع کی جا سکتی ہے۔ انہوں نے تجویز دی کہ انشورنس محتسب عوام کی سہولت کیلئے ایک موبائل ایپ تیار کرے جس کے ذریعہ با آسانی شکایات درج کی جا سکیں اور اس سے متعلق تفصیلات بھی کسٹمرز کو بروقت ملتی رہے۔ انشورنس محتسب کے ڈائریکٹر جنرل مبشر نعیم صدیقی نے اس موقع پر کہا کہ عوام کی سہولت کیلئے انشورنس محتسب کی ویب سائٹ موجود ہے جس پر صارفین با آسانی شکایت درج کرا سکتے ہیں، صارفین کی شکایت پر فوری عمل درآمد شروع کر دیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ کاٹی اپنے ممبران کی سہولت کیلئے انشورنس محتسب سے متعلق معلوماتی پوسٹر نوٹس بورڈ پر چسپاں کریں اور تمام ممبران تک پہنچائیں۔ انہوں نے کہا کہ انشورنس محتسب لوگوں کو مفت اور بروقت انصاف ان کی دہلیز تک پہنچانے کیلئے پرعزم ہے۔

@katipakistan

# PRESS RELEASE

BUSINESS RECORDER
Founded by M. A. Zuberi

BR - EPAPER AUG 12, 2021 SOUTH PAGE 5

## FIO desires raising premium-GDP ratio to 1.5pc

Aug 12, 2021

RECORDER REPORT

KARACHI: Federal Insurance Ombudsman (FIO) Dr Khawar Jameel has said that Pakistan collects a total premium of Rs 378 billion annually that makes the ratio of only 0.08% to Gross Domestic Product (GDP), which is the lowest in the region, adding the rate is more than 2% in China, the neighboring country India has it at 0.78%, and our next target is to increase this rate to 1.5%.

He said that a total annual premium of Rs 378 billion is collected in Pakistan in which the insurance companies pay only 1% in return for the claims. In this regard Insurance companies have also been consulted to improve the system, he said.

Talking with members of Korangi Association of Trade and Industry (KATI), he said that efforts were being made to resolve the insurance complaints, adding that a large number of complaints were received regarding agreements and misleading people.

In this regard, we have collaborated with the Securities Exchange Commission of Pakistan (SECP) and the State Bank of Pakistan, and have successfully made changes in the agreements. Banks cannot deduct insurance money directly from their customer's account, for which verification from account holder has been made mandatory, he said. "The money is transferred to the insurance company only after two formal verifications."

Dr. Khawar Jameel said that consumer complaints were dealt with in a short span of 60 days, while in some cases our decisions were challenged in courts. "However, no decision has been challenged in the courts in the past few years."

It is clear that decisions are being made on the basis of merit. In the past, up to Rs 410million had been settled by the Insurance Ombudsman; however, just last year more than Rs 2.13billion was settled.

Dr. Khawar Jameel said: We seek KATI cooperation in this regard. KATI can play an important role in creating awareness among consumers about Insurance Ombudsman.

KATI President Saleem-uz-Zaman said that there was a lack of awareness in the masses about the facilities provided by the Insurance Ombudsman. "We are Interested in working together to make KATI members more aware."

He said KATI's role in economic growth is of paramount importance. KATI took important steps for the survival of industry in the lockdown last year and continued business life.

President KATI said that we started the process of vaccination in collaboration with the Sindh government and so far more than 70,000 employees and laborers have already been vaccinated. KATI is also taking steps to facilitate vaccination at the doorsteps of industries.

KATI CEO Zubair Chhaya said that there is a lot of ambiguity in insurance matters; the general public is not aware about insurance, the points listed on the form by the insurance companies are printed in this way that they are not easily readable.

He said that the Insurance Ombudsman kept KATI informed of his steps from time to time so that KATI could pass on the information to his members in order to help them.

Syed Tariq Hussain, Chairman, KATI Committee for Insurance, said that they are pleased to hear that now the complaints are resolved with the Insurance Ombudsman within 60 days, but common man has no awareness of such facilities. Generally, people don't know that the complaint can be submitted to the Insurance Ombudsman on a plain paper without any fee, without involvement of a lawyer, he added.

He suggested that the Insurance Ombudsman should develop a mobile app for the convenience of the public through which complaints could be lodged easily and the details related to it would also be available to the customer in a timely manner.

Mubashir Naeem Siddiqui, Director General, Federal Insurance Ombudsman, said on the occasion that for the convenience of the public, there is a website of the Insurance Ombudsman on which consumers can easily lodge a complaint.

He said that we want KATI to make an information poster and distribute it to all members about the Insurance Ombudsman services.

He said that the Insurance Ombudsman is committed to bring free and timely justice to the people.

# PRESS RELEASE


کراچی، حب، حیدرآباد، سکھر سے بیک وقت شائع ہونے والا اخبار

ABC CERTIFIED

http://www.juraat.com

Daily JURA'AT Karachi

روزنامہ جرأت کراچی

رجسٹرڈ نمبر SS-1206 پی او باکس نمبر 1483

قیمت 15 روپے

چیف ایڈیٹر: محمد طاہر — فون نمبرز: 021-32628111-3

جلد 26 — جمعرات 03/ محرم الحرام 1443ھ 12/ اگست 2021 — شمارہ نمبر 117


## شکایات کے ازالے کیلئے کوششیں جاری ہیں، وفاقی انشورنس محتسب

### پریمیم کی مد میں سالانہ 378 ارب جمع ہوتے ہیں، 1 فیصد کلیم ادا کیا جاتا ہے، ڈاکٹر خاور جمیل

ملیر (نامہ نگار) پاکستان میں مجموعی طور پر 378 ارب روپے کا سالانہ پریمیم جمع ہوتا ہے۔ یہ مجموعی ملکی پیداوار (جی ڈی پی) کا صرف 0.08 فیصد ہے جو خطے میں سب سے کم ہے۔ چین میں یہ شرح 2 فیصد سے زیادہ ہے، پڑوسی ملک بھارت میں 0.78 فیصد ہے۔ ہمارا آئندہ ہدف اس شرح کو بڑھا کر 1.5 فیصد تک پہنچانا ہے۔ ان خیالات کا اظہار وفاقی انشورنس محتسب ڈاکٹر خاور جمیل نے کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) میں خطاب کے دوران کیا۔ ان کے ہمراہ وفاقی انشورنس محتسب کے ڈائریکٹر جنرل مبشر نعیم صدیقی، کاٹی کے صدر سلیم الزماں، کائیٹ کے سی ای او زبیر چھایا، سینئر نائب صدر ذکی شریف، نائب صدر نگہت اعوان، کاٹی کی کمیٹی برائے انشورنس کے چیئرمین سید طارق حسین، راشد صدیقی، شیخ مظہر عالم اور رونق حیات بھی موجود تھے۔ وفاقی انشورنس محتسب ڈاکٹر خاور جمیل کا کہنا تھا کہ انشورنس کی شکایات کے ازالے کیلئے کوششیں جاری ہیں۔ انشورنس ایجنٹس کی جانب سے لوگوں کو گمراہ کرنے اور معاہدے سے متعلق شکایات بڑی تعداد میں موصول ہوتی ہیں۔ اس سلسلے میں ایس ای سی پی اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے تعاون سے معاہدے میں تبدیلیاں کی ہیں۔ متعدد صفحات پر مشتمل معاہدے کو مختصر کرکے 10 اہم نکات کو واضح طور پر بمعہ اردو ترجمہ صارف کو فراہم کیا جاتا ہے۔ بینک اپنے کسٹمر کے اکاؤنٹ سے براہ راست انشورنس کی رقم کاٹ نہیں سکتے۔ اس کیلئے پہلے اکاؤنٹ ہولڈر کی تصدیق لازمی قرار دی گئی ہے۔ باضابطہ دو مرتبہ تصدیق کے بعد ہی انشورنس کمپنی کو رقم منتقل کی جاتی ہے۔ وفاقی انشورنس محتسب نے مزید کہا کہ پاکستان میں مجموعی طور پر 378 ارب روپے کا سالانہ پریمیم جمع کیا جاتا ہے جس میں کلیم کی مد میں انشورنس کمپنیاں 1 فیصد ہی ادا کرتی ہیں۔

# PRESS RELEASE

Price Rs. 10
FOUNDED BY (LATE) KAZI SAEED AKBAR & (Late) Kazi Jawad Akbar
PUBLISHED SIMULTANEOUSLY FROM KARACHI and HYDERABAD
The only comprehensive English daily with a regional perspective
The REGIONAL TIMES Of Sindh
Uniting People Every Day

12 August, 2021

## Efforts underway to resolve people's complaints: Federal Insurance Ombudsman



KARACHI: Federal Insurance Ombudsman Dr. Khawar Jameel said Pakistan collects a total premium of Rs. 178 billion annually, which makes the ratio of only 0.08% to Gross Domestic Product (GDP) which is the lowest in the region, the rate is more than 2% in China, the neighboring country. In India has it on 0.78%, our next target is to increase this rate to 1.5%. He expressed his views while talking to Korangi Association of Trade and Industry (KATI) Members.

On the occasion Saleem-uz-Zaman, President KATI, Zubair Chhaya, CEO of KITE, Zaki Sharif Senior Vice President, Nighat Awan Vice President, Syed Tariq Hussain Chairman Committee on Insurance, Mubashir Naeem Siddiqui, Director General of the Federal Insurance Ombudsman, Rashid Ahmed Siddiqui, Sheikh Manzar Alam and Ronaq Hayat were also present.

Federal Insurance Ombudsman Dr Khawar Jameel said that efforts were being made to resolve the insurance complaints, adding that a large number of complaints were received from the insurance agents regarding agreements and misleading the people. In this regard, we have collaborated with the SECP and the State Bank of Pakistan, and have successfully made changes in the agreement. Banks cannot deduct insurance money directly from their customer's account, for which verification from account holder has been made mandatory. The money is transferred to the insurance company only after two formal verifications.

